اعلیٰ حضرت مجددِ دین وملت امامِ اہلسنت شاہ مولانا احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن کے ارشادات کا مجموعہ

مع تخریج و تسہیل

مسمّٰی بنام تاریخی الملفوظ ۱۳۳۸ھ

معروف بہ

ملفوظاتِ اعلیٰ حضرت

رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

مکمل 4 حصے

مؤلف: شہزادۂ اعلیٰ حضرت تاجدارِ اہلسنت مفتیٔ اعظم ہند حضرت علامہ مولانا

محمد مصطفٰی رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن

SC 1286

اعلیٰ حضرت مُجَدِّدِ دین وملّت امامِ اہلسنّت شاہ مولانا احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن کے اِرشادات کا مجموعہ

مُسمّٰی بنامِ تاریخی

اَلْمَلفُوظ (مکمل 4 حصے)

۱۳۳۸ھ

معروف بہ

ملفوظاتِ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿مع تخریج وتسہیل﴾

مؤلّف:

شہزادۂ اعلیحضرت تاجدارِ اہلسنّت مفتیٔ اعظم ہند

حضرتِ علّامہ مولانا محمد مُصطَفٰے رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن

پیش کش

مجلِس المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)

ناشِر

مکتبۃُ المدینہ بابُ المدینہ کراچی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم ط

نام کتاب: **الملفوظ**

پیش کش: مجلس اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَّۃ

سن طباعت: 12 جُمادَی الاُخریٰ 1430ھ، بمطابق 5 جون 2009ء

قیمت:

ناشر: **مکتبۃ المدینہ** فیضانِ مدینہ محلّہ سوداگران پرانی سبزی منڈی باب المدینہ (کراچی)

E.mail:ilmia26@dawateislami.net

E.mail.maktaba@dawateislami.net

www.dawateislami.net

Ph:4921389-90-91 Ext:1268

تَوَکُّل کی تعریف

اعلیٰ حضرت، اِمامِ اَہلسنّت، مولیٰنا شاہ **امام اَحمد رضا خان** علیہ رحمۃ الرحمٰن فرماتے ہیں: توکُّل ترکِ اسباب کا نام نہیں بلکہ اعتماد عَلَی الاَسباب کا ترک ہے۔ (فتاوی رضویہ ج ۲۴ ص۳۷۹) یعنی اسباب ہی کی چھوڑ کر دینا توکُّل نہیں ہے توکُّل تو یہ ہے کہ اسباب پر بھروسہ نہ کرے۔

میں اُٹھالے۔ خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت اُمامہ بنت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو گود میں لیکر نماز پڑھی ہے۔

(صحیح البخاری کتاب الصلاۃ باب اذا حمل جاریۃ صغیرۃ علی عنقہ فی الصلاۃ، الحدیث ۵۱۶، ج۱، ص ۱۹۲)

اگر بچے کے کپڑے یا بدن میں نجاست لگی ہے اور وہ اس قابل ہے کہ گود میں خود رُک سکتا ہے تو نماز جائز ہے کہ بچہ حاملِ نجاست (یعنی نجاست اٹھانے والا) ہے، ورنہ نماز نہ ہوگی کہ اب یہ خود حاملِ نجاست ہوا۔

(الدرالمختار، کتاب الصلاۃ، باب شروط الصلاۃ، ج۲، ص ۹۱)

نبوت کا جھوٹا دعوی کرنے والے سے معجزہ طلب کرنا کیسا؟

عرض: جھوٹے مُدَّعِیِ نبوت (یعنی نبوت کا جھوٹا دعوی کرنے والے) سے **مُعْجِزَہ**[1] طلب کیا جا سکتا ہے؟

ارشاد: اگر مدعیِ نبوت سے اِس خیال سے کہ اس کا عجز ظاہر ہو معجزہ طلب کرے تو حرج نہیں اور اگر تحقیق کے لئے معجزہ طلب کیا کہ یہ معجزہ بھی دکھا سکتا ہے یا نہیں تو فوراً کافر ہو گیا۔

(الفتاوی الھندیۃ، کتاب السیر، الباب التاسع فی احکام المرتدین، ج۲، ص ۲۶۳)

مَذْہَب چھوڑنے کی شرط پر مُبَاحَثَہ کرنا کیسا؟

﴿اسی تذکرے میں فرمایا کہ﴾ مباحثے میں لوگ یہ **شرط** کر لیتے ہیں کہ ''جو ساکت (یعنی لاجواب) ہو جائے گا وہ دوسرے کا مذہب اختیار کر لے گا۔'' یہ سخت **حرام** ہے اور اشد **حماقت** ہے۔ ہم اگر کسی سے لاجواب بھی ہو جائیں تو مذہب پر کوئی الزام نہیں کہ ہمارے مقدس مذہب کا مَدار ہم پر نہیں، ہم انسان ہیں اِس وقت جواب خیال میں نہ آیا۔

تحریری بات چیت کے فوائد

مؤلف: اس وقت مولانا مولوی نعیمُ الدین صاحب اور مولانا مولوی ظفرُالدین صاحب اور مولانا مولوی احمد افتخار صاحب صِدّیقی میرٹھی اور مولانا مولوی احمد علی صاحب میرٹھی و مولانا مولوی رحم الٰہی صاحب ناظمِ انجمن اہلِ سُنّت و مُدَرِّس مدرسۂ اہلِ

[1]: نبی کے دعوئی نبوت میں سچے ہونے کی ایک دلیل یہ ہے کہ نبی اپنے صدق کا اعلانیہ دعویٰ فرما کر محالاتِ عادیہ کے ظاہر کرنے کا ذمہ لیتا ہے اور منکروں کو اس کی مثل کی طرف بلاتا ہے اللہ عزوجل اس کے دعویٰ کے مطابق امر محال عادی ظاہر فرما دیتا ہے اور منکرین سب عاجز رہتے ہیں کہ اسی کو معجزہ کہتے ہیں۔ جیسے حضرت صالح علیہ السلام کا ناقہ، حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا کا سانپ ہو جانا اور ید بیضا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مُردوں کو جلا دینا اور مادر زاد اندھے اور کوڑھی کو اچھا کر دینا اور ہمارے حضور کے معجزے تو بہت ہیں۔ (بہار شریعت، حصہ ۱، ص ۳۸)

سُنّت و مولانا مولوی امجد علی صاحب مدرس مدرسۂ اہلسنت وجماعت مُہتَمِم مطبعِ اہلِ سُنّت وغیرہ حضرات علمائے کرام (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم) حاضرِ خدمت تھے۔ انجمن کے آریہ ناریہ[1] کے مقابل جلسے ہورہے تھے۔ یہ سب حضرات جلسۂ مناظرہ سے مُظَفَّر و منصور (یعنی کامیاب وکامران) واپس آئے تھے، رام چندر مناظرِ آریہ کی چرب زبانی اور بے حیائی کا ذکر ہورہا تھا کہ بات سمجھنے کی لیاقت نہیں رکھتا، بے حیائی سے کچھ نہ کچھ کہے ضرور جاتا ہے۔

اس پر **ارشاد** فرمایا سخت غلطی ہے کہ ایسوں سے زبانی بات چیت ہو، اس کا حاصل یہی ہوتا ہے کہ وہ کچھ نہ کچھ بکے جائیگا جس سے لوگ جانیں کہ بڑا مُقرِّر ہے، برابر جواب دے رہا ہے۔ انسان میں یہ قوت نہیں کہ زبان بند کردے، بے حیا کفار **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے حضور نہ چُوکیں گے وہاں بھی زبان چلی ہی جائے گی، یہاں تک کہ منہ پر مُہر فرمائی جائے گی اور اعضاء کو حکم ہوگا بول چلو۔

اَلْیَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰۤى اَفْوَاهِهِمْ وَ تُكَلِّمُنَاۤ اَیْدِیْهِمْ وَ تَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ ○

ترجمۂ کنزالایمان: آج ہم ان کے مونہوں پر مہر کردیں گے اور ان کے ہاتھ ہم سے بات کریں گے اور ان کے پاؤں ان کے کئے کی گواہی دیں گے۔ (پ ۲۳، یٰسٓ: ۶۵)

تو ایسوں سے ہمیشہ تحریری گفتگو ہونا چاہیے، کہ مُنکر نے بدلنے بچلنے کی گلی نہ رہے۔ بہت دھوکہ ہوتا ہے کہ وہابیہ وغیرہ سے فرعی مسائل پر گفتگو کربیٹھتے ہیں۔ وہابی غیر مقلد قادیانی وغیرہ تو چاہتے ہی یہ ہیں کہ اُصول چھوڑ کر فرعی مسائل میں گفتگو ہو، انہیں ہرگز موقع نہ دیا جائے۔ ان سے یہی کہا جائے کہ تم اسلام کے دائرے میں آلو، اپنا مسلمان ہونا تو ثابت کرلو پھر فرعی مسائل میں گفتگو کا حق ہوگا۔

---

[1]: اعلیٰ حضرت علیہ رحمۃ رب العزت فتاوٰی رضویہ جلد 21 صفحہ 124 پر لکھتے ہیں: (ہندؤوں) میں ایک نیا فرقہ ہے جو آریہ کہلاتا ہے، وہ زبانی طور پر توحید کا دعویٰ کرتے ہیں اور بت پرستی کے حرام ہونے کا اقرار بھی کرتے ہیں لیکن برادری الفت ومحبت اور اتحاد میں ان کا رویہ بت پرستوں سے مختلف نہیں، ان بت پرستوں کے ساتھ ان کی الفت ومحبت ان کا اتحاد قائم ہے جو پتھر، پانی، درختوں اور تراشیدہ مورتیوں کو خدا سمجھتے ہوئے پوجتے ہیں اور یہ انہیں اپنا ہم مذہب اور دینی بھائی خیال کرتے ہیں۔ پھر یہ خبیث اگرچہ غیر کی عبادت وبندگی سے پرہیز کرتے ہیں مگر مادہ اور روح دونوں کو اللہ تعالیٰ کی طرح قدیم اور غیر مخلوق مانتے ہیں اور کہتے ہیں۔ پس اگر عبادت میں شرک نہ ہوا تو وجوبِ وجود میں شرک ہوگیا پس ہر وجہ سے ان پر تین خدا لازم ہوگئے لہٰذا وہ یقیناً مشرک ہیں، اُن کا دعویٰ توحید ہوا میں پاؤں رکھنے کے مترادف ہے۔ اگر ہم آخری درجہ پر فرض کرلیں کہ وہ مشرک نہیں تاہم ان کے کفر یعنی کافر ہونے میں بات کرنے کی کوئی گنجائش نہیں اس لئے کہ جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ نہ ہو وہ کافر ہے اور جو انہیں کافر نہ جانے وہ خود کفر میں ان کے ساتھ برابر ہے۔ (فتاوٰی رضویہ، ج۲۱، ص۱۲۴)